تبصرے

قاموس القرآن از مولانا قاضی زین العابدین سجاد میرٹھی۔ تقطیع متوسط ضخامت ۸۰۰ آٹھ سو صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد آٹھ روپیہ پتہ:۔ مکتبۂ علمیہ قاضی منزل میرٹھ۔

قرآنِ مجید کے لغات پر اردو میں اب تک متعدد کتابیں شائع ہو چکی ہیں جن میں سب سے زیادہ مبسوط۔ محققانہ اور معلومات آفریں وہ کتاب ہے جس کی جلد بجلد اشاعت کا سلسلہ ندوۃ المصنفین دہلی کی طرف سے اب تک جاری ہے۔ لیکن یہ کتاب اول تو اب تک تمام نہیں ہوئی۔ پھر کئی جلدوں میں ہے اور مبسوط ہے اس لئے ہر متوسط درجہ کی حیثیت کا شخص اُس سے مستفید نہیں ہو سکتا اسی ضرورت کے پیش نظر مولانا قاضی زین العابدین صاحب سجاد میرٹھی نے جو اپنی سنجیدہ اور مفید تصنیفات وتالیفات کی وجہ سے کافی متعارف ہیں۔ زیر تبصرہ لغت ترتیب دیا ہے۔ اس میں قرآن مجید کے الفاظ کو اصل لغت قرار دے کر حروف تہجی کی ترتیب سے انھیں درج کرنے کے بعد پہلے اُن کے معنی لکھے گئے ہیں جو قرآن میں مُراد ہیں اس کے بعد الفاظ کی صرفی نحوی تشریح مختصراً کی گئی ہے۔ یعنی لفظ اگر فعل ہے تو اس کا مصدر اور صیغہ اگر اسم ہے تو واحد کی جمع اور جمع کا واحد بتایا ہے۔ علاوہ بریں جگہ جگہ مستند کتابوں کے حوالہ سے قرآن مجید کے بیان کردہ اسماء واعلام یا قصص و واقعات پر مفید نوٹ بھی ہیں، زبان آسان اور عام فہم۔ انداز بیان دل نشین اور سنجیدہ ہے۔ جو حضرات عربی سے واقف نہیں ہیں یا انھوں نے صرف عربی زبان پڑھی ہے لیکن علوم قرآن سے آشنا نہیں ان کے لئے یہ کتاب بڑی مفید ہوگی اور اگر کوئی صاحب چاہیں تو عربی صرف و نحو کی ابتدائی ڈیڑھ دو تین کتابیں پڑھنے کے بعد اس لغت کی مدد سے خود عربی زبان بھی سیکھ سکتے